خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے ملنے والی وزارتیں اور نمائندگی میری میراث نہیں تھیں بلکہ یہ حلقہ کے عوام کی طرف سے دیے جانے والے پیار کا ثمر تھا۔ عمران خان، نواز شریف، موجودہ نگران حکومت اور فوجی حکومتوں میں سے کوئی بھی میرے اوپر ایک روپے کی کرپشن کا الزام نہیں لگا سکا۔ اگر کوئی ایک روپے کی کرپشن بھی ثابت کر دے تو میں گھر چلا جاؤں گا۔ مجھے اس چیز پر فخر ہے کہ میرا دامن صاف ہے۔ پاکستان کے کسی بھی کونے میں چلے جائیں وہاں میرے حلقہ کے عوام کو یہ طعنہ کوئی نہیں دے سکتا کہ تمہارے حلقے کے قمر زمان کائرہ نے کرپشن کی ہے۔ اگر کوئی مجھ پر ایک روپے کی کرپشن ثابت کر دے تو میں ووٹ نہیں مانگوں گا۔ میں بلاشبہ ایک کمزور شخص ہوں لیکن میں نے اس چیز کا دھیان رکھا کہ میرے حلقے کے وہ عوام جو مجھے عزت دیتے ہیں میں ان کی عزتوں کا پاس کیسے رکھوں؟ اس لیے میں نے ہمیشہ اپنے دامن کو سب سکینڈلز سے صاف رکھنے کی کوشش کی۔ نمائندہ پورے حلقہ کی عزت ہوتا ہے۔ چوہدری قمر زمان کائرہ نے دیونہ منڈی میں چوہدری افضال آف کوٹ بیلہ کے دفتر میں حلقہ این اے 65 اور حلقہ پی پی 33 کی انتخابی مہم کے سلسلہ میں منعقد ہونے والے مشاورتی اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے مختلف دیہاتوں کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے 266 حلقوں سے 266 افراد نے انتخابات کے نتیجہ میں اسمبلی تک پہنچنا ہے اور انہی افراد میں سے وزیر اعظم، وفاقی وزراء اور مشیران کا انتخاب ہوگا۔ چوہدری قمر زمان کائرہ نے حلقہ میں مصروف دن گزارا۔ انہوں نے ڈیرہ کائرہ پر مختلف وفود سے ملاقات کی اور شہریوں کے مسائل سنے۔ ڈیرہ کائرہ پر چوہدری قمر زمان کائرہ سے ملنے والے والوں کا تانتا بندھا رہا۔ ان سے چوہدری نثار علی بھٹو کی قیادت میں منگووال یونین کونسل سے صوبیدار محمد عارف جیلانی، سابق کونسلر چوہدری ارشاد احمد ککڑ گمرالی، چوہدری شاہد وڑائچ نواں لوک، چوہدری محمد شریف تارڑ کیرانوالہ، چوہدری بابر کیرانوالہ اور حاجی افضال گمرالی سمیت وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر حلقہ این اے 65 کی انتخابی مہم کے بارے تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ چوہدری نواز سپرا کی قیادت میں چوہدری محمد اکرم، حاجی نصر اللہ، چوہدری محمد مقصود، چوہدری غلام رسول اور چوہدری محمد مصطفیٰ نے بھی چوہدری قمر زمان کائرہ سے ملاقات کی اور انہیں علاقہ کے مسائل کے بارے آگاہ کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 3

یار چوہدری اصغر پھوال ایڈووکیٹ کی اہلیہ محترمہ آج علی الصبح انتقال کر گئی ہیں مرحومہ کی نماز جنازہ آج 20 نومبر بروز سوموار کوٹ بیلہ میں سہ پہر 3 بجے ادا کی جائے گی، احباب سے نماز جنازہ میں شرکت کی استدعا کی گئی ہے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 4

خیالات کیا گیا اور اہم مشاورت کی گئی، اس موقع پر نوابزادہ طاہر الملک نے ن لیگی راہنماؤں کے ساتھ ملاقاتوں میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ ن لیگ آمدہ جنرل الیکشن میں بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگی اور اہم حلقہ پی پی 29 سمیت پورے حلقہ این اے 63 اور ضلع گجرات کے تمام قومی و صوبائی اسمبلی حلقوں میں مضبوط امیدوار میدان میں لائیں گے اور ن لیگی امیدوار ٹکٹ ہولڈرز بھاری اکثریت سے کامیاب ہوں گے، نوابزادہ طاہر الملک نے کہا کہ انشاء اللہ مسلم لیگ ن ملک میں ایک جمہوری حکومت کا قیام عمل میں لائے گی اور میاں نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) پھر سے برسر اقتدار آئے گی اور ملک و قوم کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرے گی ملاقاتیں کرنے والوں میں چوہدری علی وڑائچ کلاچور، چوہدری ولایت اللہ اویس ڈونیاں، چوہدری اکرم ساہنل، چوہدری کاشف محمود فتح پور، چوہدری افتخار، چوہدری شاویز گونا، ہارون رشید بٹ، چوہدری وسیم بہادر شاہ پور، چوہدری سنی گجر گھریرہ، سید سجاد شاہ فتح پور، چوہدری منور ذیلدار، لالہ زمان ساہنل، چوہدری ہمایوں شکیل، چوہدری فیاض اکرم ساہنل بھی شامل تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 5

مسلم لیگ امیدوار برائے چیئرمین یونین کونسل جسوکی حاجی رشید سندھو نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ اور ن لیگ کی سیٹ ایڈجسٹمنٹ ہو چکی صرف پارٹی سطح پر اعلان باقی ہے اس سے انکار کرنے والے اصل حقائق سے ناواقف ہیں جب دونوں پارٹیوں کی اعلیٰ قیادت اعلان کرے گی تو پھر سب کو پارٹی ڈسپلن کی پابندی کرنا پڑے گی پاکستان مسلم لیگ کا الیکشن کے لئے ہوم ورک مکمل ہے حلقہ این اے 64، حلقہ پی پی 31، 32 میں چوہدری سالک حسین اور چوہدری شافع حسین کے ساتھ جوق در جوق معتبر شخصیات خاندان اور برادریوں کی شمولیت اور اعلان حمایت سے چوہدری سالک حسین اور چوہدری شافع حسین مضبوط ترین امیدواران کے طور پر سامنے آئے ہیں اور کسی اتحاد کے بغیر بھی جیتنے کی پوزیشن میں ہیں اس حلقہ میں سیاسی پارٹیوں سے زیادہ چوہدری برادران کا اپنا ذاتی ووٹ بینک موجود ہے جو ان کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کرے گا، انہوں نے کہا کہ چوہدری سالک حسین کی کاوشوں سے گجرات، جلالپور جٹاں دو رویہ کارپٹ روڈ، سروس موڑ فلائی اوور کی تعمیر کے لئے کثیر فنڈز منظور ہو چکے ہیں، چوہدری سالک حسین سے ترکھا سے کوٹ موجدین روڈ کی تعمیر کروانے کے متعلق بات ہو چکی ہے انشاء اللہ تعالیٰ ترکھا سے کوٹ موجدین روڈ کی تعمیر بھی جلد شروع ہو جائے گی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 6

صاحبزادہ انس حسین رضوی و دیگر نے مولانا خادم حسین رضوی کے مزار پر چادر پوشی کی جس کے بعد مرکزی نائب امیر تحریک لبیک پاکستان پیر سید ظہیر الحسن شاہ نے خصوصی دعا کرائی، عرس پاک کی آج دوسرے روز تقریبات میں شرکت کیلئے ضلع گجرات سے امیر ضلع حافظ مرزا اشفاق آرزو قادری کی قیادت میں ضلع بھر سے ہزاروں کارکنان مرکزی سیکرٹریٹ بھمبر روڈ گجرات جمع ہو گئے جہاں سے صبح گیارہ بجے قافلہ عرس پاک تقریبات میں شرکت کیلئے روانہ ہوگا نمائندہ ڈاک سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ مرزا اشفاق آرزو نے بتایا کہ بانی تحریک لبیک پاکستان حافظ علامہ خادم حسین رضوی کے عرس پاک میں شرکت کرنیوالے افراد کیلئے کھانے پینے اور فری ٹرانسپورٹ کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ علامہ خادم حسین رضوی کی زندگی ایک جہد مسلسل ہے، آپ کی زندگی کا ایک ایک لمحہ عاشقان مصطفیٰ کیلئے مشعل راہ ہے، انہوں نے خوابیدہ مسلمانوں کے دلوں میں عشق رسول کی لہر دوڑا دی، آپ کی ساری زندگی ختم نبوت و ناموس رسالت کے تحفظ اور پاکستان کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کا دفاع کرتے ہوئے گزری، انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ عرس پاک میں گجرات سے ہزاروں عاشقان رسول شرکت کر کے قائد علامہ خادم حسین رضوی کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 7

یو سی جسوکی چوہدری ناصر سیان آف قاسم آباد نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ کے سینئر رہنما وسابق وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین انتھک جدوجہد ثمر آور، گجرات کے دو میگا پراجیکٹس سروس موڑ فلائی اوور جلالپور جٹاں دو رویہ کارپٹ سڑک کی دوبارہ سے تعمیر کیلئے کروڑوں روپے کے فنڈز کا اجراء اور بہت جلد دونوں منصوبوں کی تکمیل ہو گی، انہوں نے کہا ہے کہ چوہدری سالک حسین ترکھا تا کوٹ موجدین کارپٹ سڑک کی تعمیر کا وعدہ بھی پورا کریں اس علاقہ کے لوگ بھی سخت پریشانی کا شکار ہیں چوہدری سالک حسین نے قاسم آباد جلسہ میں سڑک کی جلد تعمیر کا وعدہ کیا تھا انہوں نے مزید کہا ہے کہ یو سی جسوکی سے اس دفعہ چوہدری سالک حسین کو تاریخی ووٹوں سے کامیابی دلوائیں گے سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین کے صاحبزادے چوہدری سالک حسین گجرات کے عوام کی صحیح معنوں میں خدمت کر رہے ہیں الیکشن سے قبل گجرات میں کروڑوں روپے کے منصوبے مکمل کروائے جا رہے ہیں چوہدری ناصر سیان نے کہا ہے کہ چوہدری سالک حسین کو یو سی جسوکی میں تاریخی ووٹوں سے کامیابی دلوائیں گے انکا الیکشن اپنا الیکشن سمجھ کر لڑیں گے اس کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے انہوں نے کہا کہ چوہدری سالک حسین کی مثبت سیاست سے گجرات کی سیاسی صورتحال یکسر تبدیل ہوتی نظر آ رہی ہے گجرات کی عوام کو چوہدری سالک حسین جیسے لیڈر کی ضرورت ہے جو گجرات کی ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں رہتے ہیں انکی جیت یقینی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 8

راہنما چوہدری یاسر نوید دھول کی والدہ کے ختم قل میں شرکت کی اور لواحقین سے اظہار تعزیت کی انہوں نے ننگراں میں چوہدری ندیم پوڈ کے چچا کے ختم دسواں میں شرکت کی اور لواحقین سے اظہار افسوس کرتے ہوئے مرحومین کے درجات بلندی کیلئے دعا کی انکے ہمراہ انجینئر حاجی عامر شہزاد، چوہدری صمصام لورائے، چوہدری موسیٰ نت، چوہدری محسن گجر بھی موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 9

کے سینئر راہنما امیدوار برائے چیئرمین یونین کونسل جسوکی حاجی رشید سندھو، چوہدری ہارون رشید سندھو نے گزشتہ روز ممتاز راہنما پاکستان مسلم لیگ سابق مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب ملک رشید احمد ذیلدار کے اعزاز میں اپنی رہائش گاہ پر پر تکلف عشائیہ دیا جس میں ملک آفاق ذیلدار، ملک زریاب ذیلدار، چوہدری بلال اعجاز اور ملک رشید ذیلدار کے دوست و احباب موجود تھے، مہمانوں کا استقبال حاجی رشید سندھو، چوہدری ہارون رشید سندھو، چوہدری اظہر سندھو، چوہدری ناصر سکندر سیان، چوہدری علی اعجاز سندھو و دیگر نے کیا اس موقع پر چوہدری خاور گوندل کوٹ قطب دین، چوہدری اشفاق ملی کوٹ قطب دین، دلاور گل دھارروال، مظہر گل دھارروال، صوبیدار غلام حسین جسوکی و دیگر دوست و احباب موجود تھے، حاجی رشید سندھو نے ملک رشید ذیلدار، ملک آفاق ذیلدار کو ویلکم کرتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ کے سینئر راہنماؤں سابق وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور چوہدری شافع حسین کی حمایت کرنے پر مبارکباد دی حاجی رشید سندھو نے کہا کہ ملک رشید احمد ذیلدار، ملک آفاق ذیلدار اور ذیلدار فیملی سے ہمارے قریبی اور بھائیوں جیسا رشتہ و تعلق ہے جو ہمیشہ قائم رہا اور آئندہ بھی قائم رہے گا ملک رشید احمد ذیلدار اور ملک آفاق ذیلدار نے حاجی رشید سندھو، چوہدری ہارون رشید سندھو کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ چوہدری سالک حسین اور چوہدری شافع حسین کی مل جل کر الیکشن مہم چلائیں گے اور ان کو بھاری اکثریت سے کامیاب کروانے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 10

چوہدری رحیم اختر سرکیاں نے چوہدری شہریار کی دعوت ولیمہ میں شرکت کی، نوابزادگان کا دعوت ولیمہ میں آمد پر چوہدری شہریار نے دیگر فیملی افراد کے ہمراہ استقبال کیا، نوابزادگان نے چوہدری شہریار کے ساتھ ملاقات کر کے انہیں شادی کی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 11

وے پریمیئر ہوٹل میں ہیومن ٹریفکنگ اور ہیومن سمگلنگ کے حوالے سے منعقدہ ٹریننگ ورکشاپ کے اختتامی سیشن میں گلوبل امیگریشن میڈیا اکیڈمی کی کوآرڈینیٹر مس سینڈرا روئی موریتہ نے گجرات پریس کلب کے جنرل سیکرٹری راجہ ریاض احمد راسخ (جیو نیوز) سابق صدر عبدالستار مرزا (ایکسپریس نیوز)، ملک شفقت اعوان (روزنامہ جنگ)، رانا شہزاد (24 نیوز) اور عبدالسلام مرزا (سٹی نیوز) کو سرٹیفکیٹ دیئے ورکشاپ کی میزبانی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایس ایس ڈی او کے سید کوثر عباس، مس رمشاہ نے کی ٹریننگ ورکشاپ میں غیر قانونی انسانی سمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے رپورٹنگ کے دوران صحافیوں کو درپیش مسائل سے آگاہی حاصل کرنے کے ساتھ عوام میں شعور بیدار کرنے پر زور دیا گیا اور ایسے واقعات کی رپورٹنگ کے حوالے سے دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق مختلف تربیتی سیشن منعقد کیے گئے جنہیں مقررین نے انسانی سمگلنگ کے قوانین کے نفاذ ان پر عملدرآمد بارے شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ قانون بنانے سے انسانی سمگلنگ کا خاتمہ ممکن نہیں بلکہ اس کیلئے ہر فورم پر لوگوں میں شعور بیدار کرنا اشد ضروری ہو چکا ہے کیونکہ عورتیں اور کم عمر بچے انسانی سوداگروں کا آسان ہدف ہیں جو ملازمت کا جھانسہ دے کر انہیں اپنے جال میں پھنسا لیتے ہیں اور پھر جنسی ہوس، تشدد، اغواء، منشیات سمیت دیگر مذموم مقاصد کیلئے انہیں استعمال کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہر ضلع میں اس کیلئے ایف آئی اے کے محکمے کے علاوہ بھی کمیٹیاں اور شعبہ جات بنائے گئے ہیں لیکن وہ اس حد تک متحرک نہیں جیسے انسانی سمگلرز کے گروہ متحرک ہیں صحافی کمیونٹی اپنے اضلاع میں ایسے ڈیپارٹمنٹ سے روابط رکھ کر اس مہم کا حصہ بن کر انسانی جانیں بچانے اور لوگوں کو غیر قانونی انسانی سمگلنگ کے دھندہ میں شامل ہونے سے بچا سکتے ہیں ورکشاپ میں پاکستان کے چار صوبوں کے مختلف اضلاع گجرات، اسلام آباد، جہلم، سرائے عالمگیر، سیالکوٹ، لاہور، کراچی، ملتان، پشاور، کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع کے مرد و خواتین رپورٹرز نے شرکت کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 12

آئے نوجوان مجید علی ساکن بڈیلہ کو نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے گردن پر گولی مار کر شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس تھانہ ٹانڈہ نے مضروب نوجوان کے والد بشیر احمد کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 13

علی گل، پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع گجرات کے صدر نوابزادہ طاہر الملک، نوابزادہ حیدر مہدی نے چوہدری دلاور آوانہ کی صاحبزادی، چوہدری عرفان آوانہ کی کزن کی تقریب رخصتی میں شرکت کی، بارات کا استقبال، کیا، چوہدری عرفان آوانہ، چوہدری احسن لیاقت آوانہ نے نوابزادگان کا شادی تقریب میں آمد پر استقبال کیا، نوابزادگان تقریب کے آخر تک موجود رہے اور چوہدری عرفان آوانہ کے ساتھ ملاقات کر کے انہیں ہمشیرہ کی شادی کی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 14

پوائنٹ پر دکان مالک عمر بہزاد رحمانی ساکن قطب آباد اور اس کے ساتھی سے رولاکھ روپے نقدی اور دو قیمتی موبائل فون چھین لئے اور ان کو زدوکوب کر کے فرار ہو گئے پولیس تھانہ شاہین نے ایک ہفتہ بعد وقوعہ کا مقدمہ درج کیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 15

سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ گجرات چوہدری طاہر ماڈہ کی رہائش گاہ پر جا کر ان کے چچا کی وفات پر فاتحہ خوانی کی اس موقع پر سابق ناظم چوہدری مظہر وڑائچ نت، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن گجرات فیاض وڑائچ، چوہدری ظہور الٰہی صاحب گروپ، سید بلال احمد بخاری اور ان کے ہمراہ تھے چوہدری علی ابرار جوڑا و دیگر نے فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 16

حلقہ یونین کونسل پنچھیاں کس چوہدری عرفان آوانہ کی ہمشیرہ کی تقریب رخصتی گزشتہ روز خیر و عافیت سر انجام پائی، تقریب رخصتی میں ضلع بھر سے ممتاز سیاسی و سماجی شخصیات کے علاوہ ہر مکتبہ فکر کی اہم شخصیات نے بھرپور شرکت کی چوہدری عرفان آوانہ، چوہدری عمران آوانہ، چوہدری احسن لیاقت آوانہ نے دیگر فیملی ممبران کے ہمراہ معزز مہمانوں کا استقبال کیا، تقریب رخصتی میں بیرسٹر نوابزادہ غضنفر علی گل، نوابزادہ طاہر الملک، نوابزادہ حیدر مہدی، چوہدری عتیق الرحمان ڈوگہ، چوہدری علی وڑائچ کلاچور، چوہدری اکرم ساہنل، میجر معین نواز، چوہدری کاشف محمود فتح پور، چوہدری سنی گجر گھریرہ، چوہدری شاویز گونا، چوہدری ہمایوں شکیل، ہارون رشید بٹ، چوہدری افتخار احمد کھر کیور، چوہدری خلیل پرویز شاہ پور، چوہدری وسیم بہادر شاہ پور ایڈووکیٹ، لالہ زمان ساہنل، چوہدری فیاض اکرم ساہنل، چوہدری نوید گجر گرمی بھاؤ، چوہدری شکیل شہزاد چپی، چوہدری شاہ نواز انصر پھرا سمیت معززین علاقہ کی کثیر تعداد شریک تھی

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 17

گجرات سٹی کے صدر چوہدری امجد اقبال سے پاکستان عوامی تحریک گجرات سٹی کے رہنماؤں انجینئر صفی اللہ میاں انوار محی الدین قادری رضوان کھوکھر سلیم قادری و دیگر نے ملاقات کی اور اہم تنظیمی مشاورت کی اس موقع پر سابق ناظم یونین کونسل فیض آباد ماسٹر چوہدری اشرف مہر بھی موجود تھے جبکہ ملک کی سیاسی صورتحال آئندہ عام انتخابات میں عوامی تحریک کی حکمت عملی پر غور کیا گیا چوہدری امجد اقبال نے کہا کہ عرصہ ستر سال سے پاکستان اور عوام کا دائرے میں سفر جاری ہے دنیا کہاں سے کہاں پہنچ گئی ہے جبکہ پاکستان میں آج بھی 1985 کے نسخے آزما کر ترقی کی امید رکھی جا رہی ہے پاکستان کو ترقی کے لئے چہرے نہیں نظام بدلنا ہوگا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 18

کیری ڈبہ سوار قیصر ساکن مل اور خواتین سے نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر طلائی زیورات مالیت دو لاکھ روپے اتروا لئے اور چوبیس ہزار روپے نقدی چھین لی پولیس تھانہ کڑیانوالہ نے مقدمہ درج کر لیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 19

آوانہ کی صاحبزادی، چوہدری عرفان آوانہ کی ہمشیرہ کی تقریب رخصتی میں شرکت کی بارات کا استقبال کیا، چوہدری عرفان آوانہ کو ہمشیرہ کی شادی پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، اس موقع پر چوہدری سلطان عالم قادری بھی موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 20

کے لے گئے پولیس تھانہ صدر جلالپور جٹاں نے مقدمہ درج کر لیا جبکہ گاؤں بھلوٹ شیرا کے رہائشی عبدالخالق کی دس بکرے بکریاں نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے تھانہ صدر لالہ موسیٰ نے مقدمہ درج کر لیا جبکہ شہباز پور روڈ سے نامعلوم چور اختر حیات کے ڈیرے سے آٹھ بکریاں چوری کر کے لے گئے پولیس تھانہ صدر جلالپور جٹاں نے مقدمہ درج کر لیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 21

رہائشی 15 سالہ لڑکے کو موہری کے جنگل میں لے جا کر دو اوباش ملزمان نے گن پوائنٹ پر بدفعلی کی پولیس تھانہ صدر کھاریاں نے مقدمہ درج کر لیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 22

شریک کنجاہ کے رہائشی فضل عباس کی جیب سے نامعلوم چور قیمتی موبائل فون چوری کر کے لے گئے پولیس تھانہ کنجاہ نے مقدمہ درج کر لیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 23

گرلز پرائمری اسکول قطب آباد سے نامعلوم چور پانی کی موٹر چوری کر کے لے گئے پولیس تھانہ شاہین نے مقدمہ درج کر لیا

لاری اڈا پولیس نے ایک کلو 80 گرام چرس برآمد کر لی، ملزم گرفتار

گجرات (خبر نگار خصوصی) تھانہ لاری اڈہ پولیس نے کالو پورہ سے ملزم عدیل مسیح ساکن کالو پورہ کو گرفتار کر کے اس سے ایک کلو اسی گرام چرس برآمد کر لی اور مقدمہ درج کر لیا۔

چیئرمین پی ٹی آئی کو 2018 میں آر ٹی ایس بٹھا کر ترقی کرتے پاکستان پر مسلط کیا گیا، مریم اورنگزیب

لاہور (آن لائن) رہنما مسلم لیگ (ن) اور سابق وفاقی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو ترقی کرتے پاکستان پر مسلط کیا گیا، 5 سالوں سے ملک کے نظام انصاف، عوام اور اپوزیشن کے ساتھ کھلواڑ ہوتا رہا، نوجوان اور عوام کو پتہ ہونا چاہیے۔ شہباز شریف کل آشیانہ ریفرنس سے بری ہوئے گئے کہاں ہے گئی کرپشن جو مخالفین کہتے تھے 2018 میں آر ٹی ایس بٹھا کر ملک پر مسلط کئے گئے شخص کا خمیازہ آج پاکستانی عوام بھگت رہی ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی قیادت پر ایک پائی کی کرپشن ثابت نہیں ہوئی، شہباز شریف، احد چیمہ سمیت دیگر 10 افراد کو کل عدالت نے باعزت بری کر دیا ہے، شہباز شریف کو صاف پانی کیس میں بلایا گیا اور آشیانہ ریفرنس میں گرفتار کر لیا گیا یہ کون سا انصاف تھا، نواز شریف کو پانامہ میں بلایا گرفتار بیٹے کی کمپنی کی تنخواہ نہ لینے پر نااہل کر دیا گیا، پاکستان میں ان لیگ کے خلاف کوئی کرپشن ثابت نہ ہوئی تو برطانیہ کی این سی اے میں چلے گئے وہاں سے بھی ان کو منہ کی کھانی پڑی، لیگی قیادت کو وہاں سے بھی کلین چٹ مل گئی۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے اپنے بھائی سے وفا بھائی اور بہادری کے ساتھ مقابلہ کیا، پانچ چھ سال سے اس ملک کے ساتھ کھلواڑ کیا گیا آج کے نوجوان کو پتہ ہونا چاہئے کہ ملک کے ساتھ کس طرح کھلواڑ کیا گیا 2018 میں آر ٹی ایس بٹھا کر ایک شخص کو مسلط کیا گیا جس کا خمیازہ آج پاکستان کے عوام بھگت رہے ہیں۔ چیئرمین نیب کو طلبہ گل کے ذریعے بلیک میل کیا گیا، چیئرمین پی ٹی آئی نے احتساب سے بچنے کیلئے قومی اداروں پر حملے کرائے، آج کدھر ہیں وہ چہرے جو لوگوں کی پگڑیاں اچھالا کرتے تھے ---

خوبصورت گجرات: ڈپٹی کمشنر کا جناح چوک عنایت پارک کا دورہ

شہر کی خوبصورتی پر خصوصی توجہ ہے، شاہراہوں کو صاف اور شجرکاری کی جا رہی ہے

گجرات (نمائندہ ڈاک) ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے صاف گجرات کمیٹی کے ممبران کے ہمراہ جناح چوک، عنایت پارک، فوارہ چوک کا دورہ کیا، اور صاف گجرات کمیٹی کے فورم کے فیصلوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر نعیم اختر جنجوعہ، سی او میونسپل کارپوریشن گجرات چوہدری فیاض وڑائچ، ڈی ایچ او ڈاکٹر ایاز ناصر، صدر پریس کلب گجرات بشارت حسین لودھی، رضوان ولدار سمیت دیگر ممبران ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ صاف گجرات کمیٹی گجرات شہر کو خوبصورت اور صاف رکھنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، جناح چوک میں قائد اعظم محمد علی جناح کا مانومنٹ نصب کیا جا چکا ہے، فوارہ چوک اور عنایت پارک کی تزئین و آرائش جاری ہے، انہوں نے کہا کہ شہر کی صفائی اور خوبصورتی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، شاہراہوں کو صاف اور شجرکاری کی جا رہی ہے، مرکزی چوراہوں میں خوبصورت مانومنٹ قائم کئے جا رہے ہیں اور شہری تزئین و آرائش کی جا رہی ہے، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ صاف گجرات کمیٹی ایک موثر فورم ہے جس کا اجلاس باقاعدگی سے منعقد کیا جا رہا ہے اور گجرات کی کاروباری برادری کے تعاون سے شہر کی صفائی اور خوبصورتی کے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

جمخانہ میں جوس بار کا ڈپٹی کمشنر کے ہاتھوں افتتاح

اے ڈی سی آر خضر حیات بھٹی، اے سی حیدر عباس، طارق بلال ملک و دیگر موجود تھے

گجرات (نمائندہ ڈاک) ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے جمخانہ گجرات میں جوس بار کا افتتاح کر دیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو خضر حیات بھٹی، اسسٹنٹ کمشنر گجرات حیدر عباس، سیکرٹری جم خانہ طارق بلال ملک سمیت دیگر ممبران اس موقع پر موجود تھے، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ گجرات جمخانہ کے ممبران کے لئے جوس کارنر کا قیام ایک مثبت اضافہ ہے، جوس بار کے قیام سے کلب کے ممبران کو تر و تازہ جوسز میسر ہوں گے، جو کلب ممبران کی صحت اور فٹنس میں اہم کردار ادا کریں گے۔

کھاد کی گرانفروشی کرنیوالے گیارہ ڈیلرز کیخلاف مقدمات درج

ذخیرہ اندوزی اور گرانفروشی قبول نہیں، ڈیلر کو ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد

گجرات (نمائندہ ڈاک) ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر عرفان اللہ وڑائچ نے کہا کہ کھاد کی مقررہ ریٹ سے زائد وصولی کرنے والے 11 ڈیلرز پر مقدمات درج کروائے گئے ہیں، جبکہ ایک ڈیلر پر 1 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے، ڈویژن بھر میں کھاد کی ذخیرہ اندوزی کرنے اور گراں فروشی کے مرتکب ڈیلرز کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے، انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت توسیع کی ٹیمیں فیلڈ میں موجود اور کھاد ڈیلرز کو چیک کیا جا رہا ہے، کسی فرد کو گراں فروشی و ذخیرہ اندوزی کی اجازت نہیں دی جائے، کھاد ڈیلرز مقررہ کردہ ریٹ کے مطابق کھاد و دیگر زرعی ادویات کی فروخت یقینی بنائیں بصورت دیگر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

قمر سجاد اویسی کی صاحبزادی کی تقریب رخصتی، بڑا سیاسی اکٹھ

ڈاکٹر ذکی بٹ، میجر منصور بٹ، وحید الرحمان ڈوگہ، حمزہ طارق و دیگر شریک ہوئے

گجرات (نمائندہ ڈاک) ممتاز سماجی و مذہبی شخصیت قمر سجاد اویسی کی صاحبزادی کی تقریب رخصتی ہوا اکٹھ بن گئی' تقریب رخصتی میں ڈاکٹر ذکی بٹ' میجر منصور بٹ' وحید الرحمان ڈوگہ' حمزہ طارق' شہزاد شرقپوری' حاجی عدنان احسان' یاسر احسان' عاصم شتاق بٹ' چوہدری اظہر بھوچھ' خرم الطاف بھٹی' ملک بلال طارق' عمر بھٹہ' شیخ عرفان شفیع' شعیب طارق بٹ' شیخ انصر قذافی' حافظ ایوب صراف' حاجی افضل کپور' سیٹھ علی اصغر' فرقان ایوب' حاجی عامر نعمان' ملک صفدر حسین' خالد پرویز بٹ' چوہدری اختر چھوکر کلاں' وقاص اصغر موہلہ' حسن اقبال صراف' ابتاج ذوالفقار' نعمان جاوید' عثمان طارق بٹ' مرزا بشارت محمود' محمد رضوان میر' چوہدری احسان اللہ' طاہر خان' خان عدنان خان' خالد پرویز بٹ' عثمان خالد بٹ' جواد حسین جعفری' اکرام افضل بٹ' شیخ عامر اقبال' مرزا لیاقت محمود' شیخ فیصل نبی' پرویز اقبال رحمانی' زین العابدین' کاشف محی الدین' ڈاکٹر عرفان شیرازی' چوہدری رخسار میلو' ماجد ربانی' عشرت علوی' منہاج چیمہ' شیخ احمد الیاس' ندیم بٹ گھنٹی' طاہر مسعود بٹ' سلیم بٹ' امان اللہ بٹ' آصف علی بٹ' احسام علی' طارق جاوید چوہدری' طارق محمود بٹ' شاہین اختر بٹ' زاہد مسعود بٹ' رفاقت علی بٹ' عامر خان' قاری ذوالفقار احمد' چوہدری طاہر یوسف' محمد فیاض' ندیم بٹ' جمیل بٹ' ملک خرم' ارشد بٹ سمیت دیگر افراد نے بھرپور شرکت کی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

فلسطین کے معاملے پر سوشل میڈیا پر جاری پروپیگنڈا کی اصل حقیقت آشکار

اسلام آباد (آن لائن) فلسطین کے معاملے پر سوشل میڈیا پر جاری پروپیگنڈا کی اصل حقیقت آشکار، غزہ کی جنگ کے دوران اپنے مذموم سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے اندرون ملک اور بیرون ملک سے چند عناصر گھناؤنا پروپیگنڈا کر رہے ہیں، ایک سیاسی جماعت کے حامیوں نے سوشل میڈیا پر بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈا مہم شروع کر رکھی ہے، اس مہم میں پاکستان پر اسرائیل کو اسلحہ فراہم کرنے کا گھناؤنا الزام لگایا گیا، سوشل میڈیا پر اس جھوٹی اور من گھڑت کہانی کو بھارتی میڈیا نے خبر بنا کر پیش کر دیا۔ حکومتی و دفاعی ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا پر ایک جہاز کو اسلحہ پاکستان سے اسرائیل لے جانے کی جھوٹی اور من گھڑت کہانی بیان کی گئی ہیں حقیقت میں یہ "بحرین سے راولپنڈی جانے والی پرواز افغان مہاجرین کے برطانوی انخلاء کا حصہ ہے نہ کہ اسلحے کی کھیپ کی اسرائیل منتقلی ہے۔ پاکستان نے غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت کی ہر سطح پر پُر زور مذمت کے ساتھ ساتھ ہر فورم پر آواز اٹھائی ہے اس سلسلے میں وزارت خارجہ بار بار دفعہ فلسطین پر اپنا واضح موقف دے چکی ہے جو کے بہت کلیئر، بولڈ اور غیر مبہم ہے سکیورٹی کونسل کے اجلاس میں بھی پاکستان نے مظلوم فلسطینیوں کی بھرپور اور مکمل حمایت کی۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے منیر اکرم نے کہا ہے کہ فلسطین بھی انسان ہیں اور ان کے ساتھ بھی انسانوں جیسا سلوک ہونا چاہیے ہم فلسطین کے ساتھ ہیں اور غزہ میں شہری آبادی کے خلاف اسرائیلی حکام کی طرف سے طاقت کے اندھا دھند اور غیر متناسب استعمال کی شدید مذمت کرتے ہیں جبکہ وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ ہم فلسطین کے ساتھ ہیں اور اسرائیلی مظالم اور جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ آرمی چیف بھی متعدد بار فلسطین کی حمایت اور سپورٹ میں کھل کر بھرپور طریقے سے آواز اٹھا چکے ہیں 24 اکتوبر 2023 کو فلسطینی سفیر سے خصوصی ملاقات میں آرمی چیف نے بھرپور طریقے سے غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت کی کھل کر مذمت کی اور یہ بتایا کہ: "غزہ میں کشیدگی کی ساری ذمہ داری اسرائیل کے غاصبانہ قبضے، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کی وجہ سے ہوئی" اس کے علاوہ 17 نومبر 2023 کو آرمی چیف کی علماء سے ملاقات میں بھی فورم نے غزہ میں جاری جنگ اور فلسطینیوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کو انسانیت کے خلاف جرائم قرار دیا پاکستانی عوام کی فلسطینی عوام سے محبت اور حمایت میں کسی کو کوئی شک نہیں پاکستان اپنے فلسطینی بھائیوں کے لئے امدادی سامان کی دو کھیپیں بھی بھیج چکا ہے اور یہ سلسلہ آگے بھی جاری رہے گا پاکستان کے اس واضح موقف کے باوجود سوشل میڈیا پر یہود اور ہنود کی طرف سے گمراہ کن پروپیگنڈا جاری اور ساری ہے ایسے مذموم عناصر موقع ہاتھ لگتے ہی کوئی نا کوئی من گھڑت جھوٹ اور پروپیگنڈا کا پرچار سوشل میڈیا پر لے آتے ہیں اسی جھوٹ کے سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے یہی یہود اور ہنود اور انکے پیروکار یہ جھوٹ بھی پھیلا رہے ہیں جو ایک انتہائی شرمناک اور گھٹیا جھوٹا پروپیگنڈا ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ "ملک دشمن عناصر ہر قیمت پر دشمن کے ایجنڈے کو پروان چڑھانے کے لئے ہر سطح تک گر سکتے ہیں "ایسے شر پسند عناصر پاکستان کو یہود و ہنود کے کہنے پر ہر طرح سے نقصان پہنچا سکتے ہیں جس سے بچنے کے لئے ہمیں اس زہریلے پروپیگنڈے کو پہچاننا اور اسکی سرکوبی کرنا اہم ہے درحقیقت پاکستان کی جانب سے اسرائیل کو اسلحہ فراہم کرنے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں من گھڑت جھوٹے پروپیگنڈا کا مقصد اپنے مذموم سیاسی مقاصد کا حصول اور پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچانا ہے۔

نگران وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی کی مولانا طارق جمیل کے گھر آمد

فیصل آباد (آن لائن) نگران وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی کی مولانا طارق جمیل کے گھر آمد، وزیر داخلہ کی مولانا طارق جمیل سے انکے صاحبزادے عاصم جمیل کی وفات پر تعزیت کی، وزیر داخلہ کی مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور فاتحہ خوانی بھی کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے جواں سال بیٹے کی موت پورے خاندان کیلئے بہت بڑا دکھ اور صدمہ ہے اللہ تعالیٰ تمام سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور حوصلہ عطا فرمائے۔

اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کا دنیا بھر میں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے دوران شہید ہونے والے صحافیوں کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے دنیا بھر میں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے دوران شہید ہونے والے صحافیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافیوں کی جان و مال اور ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صحافیوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ صحافیوں کی جان و مال اور ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے ہر سال دنیا بھر میں سینکڑوں صحافی اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے شہید ہوتے ہیں جمہوری اور انصاف پسند معاشرے کی تشکیل کیلئے صحافی برادری کے حقوق کا تحفظ ناگزیر ہے۔

اے ایس آئی ذکا اللہ گلیانہ کم عمر ڈرائیور کو تیز رفتاری پر گرفتار کر رہے ہیں


سید مدد علی شاہ الیکشن اعلان کے موقع پر حمایتی اکٹھ سے خطاب کر رہے ہیں


نوابزادہ طاہر الملک سے چوہدری نوید گجر گزھی بھاؤ ملاقات کے موقع پر

نوابزادہ طاہر الملک کیساتھ ڈاکٹر منظر یا ہووال ملاقات کر رہے ہیں


نوابزادہ طاہر الملک کیساتھ ڈاکٹر یاسر چوہدری ملاقات کر رہے ہیں (فوٹو: ارشد محمود)


نوابزادہ طاہر الملک کیساتھ چوہدری ضمیر اٹرمان، ڈاکٹر ظفر دیوڑا ملاقات کر رہے ہیں

نوابزادہ حیدر مہدی سے چوہدری صفیر شاہ پور ملاقات کر رہے ہیں

نوابزادہ حیدر مہدی کیساتھ چوہدری خلیل پرویز شا وپور ملاقات کر رہے ہیں (فوٹو: بسم اکرم)

علامہ خادم رضوی کی ملک و اسلام کیلئے خدمات لازوال ہیں، سید غلام معین الدین

مجاہد ملت کے عرس کی تقریبات میں آج گجرات سے بڑے قافلے کے ہمراہ شریک ہوں گے

گجرات (مدثر اقبال سے) تحریک لبیک ضلع گجرات کے ناظم اعلیٰ سید غلام معین الدین شاہ نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ تحریک لبیک پاکستان کے بانی امیر المجاہدین علامہ حافظ خادم حسین رضوی کی عرس تقریبات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

چوہدری مجاہد اشرف کی مہم بھرپور انداز میں چلائیں گے

عبداللہ شہزادہ کائرہ

چوہدری اشرف اور چوہدری تنویر اشرف کی عوامی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، چوہدری مجاہد اشرف خدمت مشن جاری رکھیں گے

لالہ موسیٰ (طارق منہاس سے) معروف سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری عبداللہ شہزاد خاں کائرہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ چوہدری مجاہد اشرف کی حلقہ پی پی 33 میں بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہیں ان کی انتخابی کمپین (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 24)

سید مدد علی شاہ کی حمایت میں بڑا اکٹھ، ممتاز شخصیات کی شرکت

پی پی 33 سے سید مدد علی شاہ کے الیکشن لڑنے کے اعلان کے موقع پر سلیم جٹ، مرزا بابر علی، سہیل صفدر، مظفر گاکھڑی عمر اعجاز نمبردار، سید سلطین شاہ، چوہدری ولایت، چوہدری شہباز، چوہدری اکرم پسوال، چوہدری اکبر و دیگر کی شرکت

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) ممتاز سیاسی شخصیت سید مدد علی شاہ کلیوال سیداں نے حلقہ پی پی 33 سے صوبائی اسمبلی کا الیکشن لڑنے کا باقاعدہ اعلان کر دیا اس حوالے سے حلقہ بھر کی ممتاز شخصیات کا اکٹھ ڈیرہ سید مدد علی شاہ کلیوال سیداں پر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

سرائے عالمگیر: حمایت کے موقع پر راجہ وحید الرحمٰن، راجہ تنویر آفتاب، راجہ بھولا کا ملک جمیل اعوان کے ہمراہ گروپ فوٹو

چوہدری تنویر گوندل، سید خضر مہدی۔ پروفیسر سعادت مہدی۔ سید جواد مہدی شادی کی تقریب میں

گلیانہ، کم عمر ٹریکٹر ڈرائیور گرفتار مقدمہ درج

اے ایس آئی ذکا اللہ نے اسباط طارق کو انتہائی غفلت سے ڈرائیونگ کرنے پر گرفتار کر لیا

ٹریفک پولیس گلیانہ کی بغیر لائسنس موٹر سائیکل چلانے والوں کو جرمانے اور وارننگ

گلیانہ (مرزا عبدالغفور) ڈی ایس پی ٹریفک پولیس گجرات کی ہدایت پر اے ایس آئی ذکا اللہ گلیانہ نے کم عمر ڈرائیور اسباط طارق کو انتہائی غفلت سے ٹریکٹر ٹرالی چلانے پر پکڑ کر مقدمہ درج کیا اور بغیر لائسنس موٹر سائیکل چلانے والوں کو ہزاروں روپے جرمانے کیا اور وارننگ دی تفصیلات کے مطابق ٹریفک (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 23)

چوہدری طاہر مانڈہ کے گھر ممتاز شخصیات کی آمد، فاتحہ خوانی

چوہدری علی ابرار جوڑا، ڈاکٹر اسماعیل عمارہ الجزائری، مظہر نت، سید صابر حسین قمر، فیاض وڑائچ ملک لقمان اشرف قادری، کاشف چاند کبوہ، سید بلال احمد بخاری، چوہدری ظہور الٰہی و دیگر نے دعائے مغفرت کی

گجرات (بلال منیر سے) سابق میئر و ڈپٹی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ چوہدری طاہر مانڈہ سے فاتحہ خوانی کریوالوں کا سلسلہ جاری، گزشتہ روز ممتاز شخصیات نے انکی رہائشگاہ جا کر فاتحہ خوانی کی جن میں نمایاں سٹی صدر پاکستان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 25)

چوہدری طاہر مانڈہ سے پروفیسر ڈاکٹر اسماعیل عمارہ الجزائری، علامہ سید صابر قمر، فیاض وڑائچ، ملک لقمان قادری، کاشف چاند کبوہ، بلال بخاری، سید ابدال شاہ فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مرزا شوکت بیگ کے انتقال پر فاتحہ خوانی ضلع گجرات بھمبر منڈی و بہاالدین سے معززین کی آمد

چوہدری عبداللہ یوسف، معین نواز، چوہدری افگن فاروق، چوہدری سفیان گجر، چوہدری عبدالرحمٰن گجر، عبدالحمید بٹ، سیٹھ صفدر چوہدری خاور سعید، ڈاکٹر سید علی اکبر شاہ، چوہدری وریام گجر، ریاض کھرانہ سمیت معززین نے تعزیت و فاتحہ خوانی کی

گجرات (آصف علی بھٹی سے) پاکستان مسلم لیگ کے راہنما و چوہدری وجاہت حسین کے دیرینہ ساتھی و سابق ناظم مرزا شوکت بیگ جو کہ گزشتہ روز قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے تھے کی وفات پر اظہار تعزیت کیلئے ضلع بھمبر اور آزاد کشمیر، بھمبر، منڈی و بہاالدین اور ضلع بھمبر سے معززین الٰہی رہائشگاہ پر پہنچے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

چوہدری خالد اصغر کھرل، چوہدری محمد شاہین، چوہدری یاسر نوید ڈھول کی والدہ کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ملک محمد حنیف اعوان کی چوہدری خالد سیال، محمد عتیق بٹ عیادت کر رہے ہیں

عبدالحمید بٹ کا حلقہ میں مصروف دن، عمائدین سے ملاقاتیں

سیاسی صورتحال پر مشاورت

انہوں نے گاؤں چک جگا، بارو، دھوڈچک، حاجیوالا کا دورہ کیا، مرزا شوکت بیگ کی وفات پر مزا وحید بیگ گوشی سے تعزیت کی شیخ عبدالرزاق قادری کے سسر ملک شوکت کی نماز جنازہ میں شرکت، عباس مہر، الیاس مہر کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کی

گجرات (آصف علی بھٹی سے) صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 29 عبدالحمید بٹ پاکستان تحریک انصاف کے راہنما و امیدوار نے حلقہ میں مصروف ترین دن گزارا، عمائدین علاقہ سے ملاقاتیں کیں اور سیاسی صورتحال سمیت آمدہ الیکشن بارے خیال خیال کیا، عبدالحمید بٹ نے گاؤں چک جگا، بارو، دھوڈچک، حاجیوالا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 26)

سابق چیئرمین سیٹھ صفدر وڑائچ کسوکی، گاؤں ڈھول میں چوہدری یاسر نوید سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

جلالپور جٹاں۔ امیدوار ایم پی اے حافظ عطاء الرحمٰن نمائندہ ڈاک محمد اعظم انصاری سے گفتگو کر رہے ہیں

حکومت بجلی کے بلوں میں اضافہ واپس لے، اکرام کسانہ

غریبوں کے پاس کھانے کیلئے روٹی نہیں بجلی کے بل کیسے ادا کریں

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) دھگڑانوالی کے ممتاز زمیندار چوہدری اکرام کسانہ آف امریکہ نے کہا کہ حکومت بجلی کے بلوں میں اضافہ واپس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 27)

کوٹلہ، حویلی سے لاکھوں روپے کی بکریاں چوری

کوٹلہ (عابد مرزا، ظفر ارب خاں) تھانہ گھرالی کے نواحی گاؤں موضع علی خاں میں نامعلوم چوروں نے رمیش حسن ولد محمد اکرام قوم جٹ کی حویلی سے لاکھوں مالیت کے 4 بکرے 3 بکریاں چوری کر لیے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 28)

نبی اکرم ﷺ نے دنیا میں محبت کا پیغام پھیلایا، ناظم گجر

اسلام مکمل ضابطہ حیات ہے اسے دہشت گردی سے جوڑنا مناسب نہیں

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) دھگڑ کے ممتاز زمیندار، سماجی شخصیت چوہدری ناظم گجر آف امریکہ نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے دنیا میں محبت کا پیغام (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

ملک رمیز حیدر اعوان کی ناروے سے وطن واپسی

ملکہ (زاہد مصطفیٰ اعوان سے) سابق چیئرمین یوسی گلیانہ ملک غلام حیدر اعوان ملکہ کے صاحبزادے ملک رمیز حیدر اعوان ناروے سے نئی دورہ پر پاکستان پہنچ گئے۔ ائیر پورٹ پر دوست احباب اور عزیز ممبران نے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

مسائل کے حل، عوامی محرومیوں کے ازالے کیلئے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ہے

حافظ عطاء الرحمٰن

دینی و تعلیمی حوالے سے ہمارے والد مولانا محمد شریف نے گرانقدر خدمات سرانجام دیں انہیں کے لگائے ہوئے درخت کی آبیاری کر رہے ہیں

40 سال سے برسر اقتدار رہنے والوں نے حلقہ کے بنیادی مسائل پر توجہ نہیں دی آج بھی میونوال آنے کیلئے مرکزی راستہ تک موجود نہیں ڈاک سے گفتگو

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) امیدوار ایم پی اے حلقہ پی پی 30 حافظ عطاء الرحمٰن آف میونوال کلاں نے کہا ہے کہ انہوں نے حلقہ کے مسائل کے حل اور عوام کی محرومیوں کے ازالے کیلئے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ہے یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اپنی رہائشگاہ پر "ڈاک" سے خصوصی گفتگو کر رہے تھے انہوں نے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 29)

سید مدد علی شاہ بھاری اکثریت سے کامیاب ہونگے، مہر اسحاق خادم

کلیوال خاندان کی سیاست خدمت سے عبارت ہے ان کا الیکشن لڑنے کا اعلان خوش آئند ہے

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) پی پی 33 سے سید مدد علی شاہ بھاری اکثریت سے ایم پی اے منتخب ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز سماجی و کاروباری شخصیت معروف آڑھتی مہر محمد اسحاق خادم نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

ایم پی اے کا تاج سید مدد علی شاہ کے سر ہی سجے گا، غفار مہر

سید مدد علی شاہ کی کامیابی کیلئے اپنا تن من دھن نچھاور کر دینگے، مخالفین سید مدد علی کے حق میں دستبردار ہو جائیں تو بہتر ہے

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) پی پی 33 میں ایم پی اے کا تاج سید مدد علی شاہ کے سر سجے گا۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز سیاسی و سماجی راہنما سابق کونسلر مہر غفار احمد نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انھوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ سادات خاندان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 30)

چوہدری مجاہد اشرف کی مکمل حمایت کرتے ہیں

چوہدری یوسف لقمان، چوہدری نصیر لقمان

صرف لقمان گاؤں میں ہی نہیں جہاں بھی ہمارا تعلق واسطہ ہے ان کی بھرپور انتخابی مہم چلائیں گے، اکٹھ سے خطاب

لالہ موسیٰ (طارق منہاس) ممتاز سماجی و سیاسی شخصیت حاجی چوہدری محمد یوسف لقمان، چوہدری نصیر احمد لقمان نے کہا کہ چوہدری مجاہد اشرف خواص پوری کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہیں صرف لقمان گاؤں ہی نہیں جہاں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

نوابزادہ حیدر مہدی کیساتھ چوہدری صفیر، چوہدری عدالت، چوہدری خلیل پرویز و دیگر کا گروپ فوٹو

سابقہ حکمرانوں نے کبھی عوامی امنگوں کی ترجمانی نہیں کی

اعجاز رنیاں

اقتدار میں آنے کے بعد سب کچھ پس پشت ڈال دیتے ہیں اور ذاتی ایجنڈے کو پروان چڑھاتے ہیں

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 33 چوہدری اعجاز احمد رنیاں نے کہا کہ وطن عزیز کی بدقسمتی رہی ہے کہ یہاں جو بھی حکمران آیا اس نے کبھی عوامی امنگوں، امیدوں اور وعدوں کے مطابق اقدامات نہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 31)

چوہدری افگن فاروق، عبدالحمید بٹ، مرزا شوکت بیگ کی وفات پر تعزیت کے موقع پر، وحید بیگ گوشی، شیراز بیگ، شہباز بیگ موجود ہیں

ڈنگہ چوہدری رضوان پسوال کے والد چوہدری اعظم سپرد خاک

ختم قل میں چوہدری جعفر اقبال، میاں طارق محمود، میاں امجد، چوہدری منظور چوہدری عارف، چوہدری ذوالقرنین، چوہدری سجاد احمد سمیت دیگر کی شرکت

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) بھاؤ گھسیٹ پور کے ممتاز زمیندار سماجی شخصیات چوہدری رضوان پسوال انگلینڈ، چوہدری عمران اعظم پسوال، چوہدری قمر عالم پسوال کے والد محترم، چوہدری اعجاز احمد پسوال، چوہدری محمد امجد پسوال کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)

جلالپور جٹاں۔ راجہ حنیف ایڈووکیٹ، چوہدری عرفان ارشد کی قیادت میں وکلاء کا وفد کاشف بٹ سے ملاقات کر رہا ہیں

کاشف بٹ سے عرفان ارشد، حنیف راجہ کی قیادت میں وکلاء وفد کی ملاقات

وفد میں سید ارسلان شاہ، سید علی تاثیر شاہ، بیرسٹر شہزاد شبیر، ملک علی ارسلان ہنجرا، نبیل مغل و دیگر شامل تھے

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) امیدوار صدر بار گجرات چوہدری عرفان ارشد ایڈووکیٹ۔ محمد حنیف راجہ کی قیادت میں وکلاء کے وفد نے ممتاز سیاسی سماجی کاروباری شخصیت کاشف بٹ سے ان کے ڈیرے پر ملاقات کی وفد میں سید ارسلا شاہ ایڈووکیٹ۔ سید علی تاثیر شاہ ایڈووکیٹ۔ بیرسٹر شہزاد شبیر ملک ایڈووکیٹ۔ علی ارسلان ہنجرا ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 21)

چوہدری عتیق الزمان ڈوگہ، سامر افتخار کی شادی میں شریک ہیں

کھاریاں شہر کے حقوق کے تحفظ کیلئے قانونی چارہ جوئی کر رہے ہیں

چوہدری ناصر چھپر

سابقہ پی پی 115 کو بحال کر کے اس کو پی پی 28 ڈکلیئر کرانے کے لیے آج الیکشن کمیشن اسلام آباد میں سماعت ہوگی

کھاریاں (شہزاد احمد سے) چوہدری ناصر احمد چھپر ایڈووکیٹ سابق امیدوار صوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ کھاریاں شہر سے خوف زدہ، اس کو حلقہ PP27 سرائے عالمگیر کے ساتھ شامل کرا کے اور اپنے صوبائی حلقہ PP28 سے باہر رکھ کر کچھ لوگ اپنا الیکشن محفوظ سمجھتے ہیں لیکن میں کھاریاں شہر کے حق کے لئے تمام قانونی چارہ جوئی کروں گا۔ آج مورخہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 32)

نوابزادہ حیدر مہدی، دلہا چوہدری شہریار کو شادی کی مبارکباد دے رہے ہیں

نوابزادہ محبوب الٰہی سنی، دلہا چوہدری شہریار کو شادی کی مبارکباد دے رہے ہیں

نوابزادہ حیدر مہدی، چوہدری رحیم اختر سرکیاں شادی تقریب شریک ہیں

عبدالحمید بٹ گاؤں دھوڈچک میں اسلم ﷺ کی وفات پر صاحبزادے سے تعزیت کر رہے ہیں

نوابزادہ طاہر الملک کا دعوت ولیمہ میں آمد پر چوہدری عمران استقبال کر رہے ہیں

نوابزادہ طاہر الملک کیساتھ سید معیز شاہ ملاقات کر رہے ہیں

نوابزادہ طاہر الملک کیساتھ لالہ زمان ساہل تبادلہ خیالات کر رہے ہیں (فوٹو: ارشد محمود)

نوابزادہ طاہر الملک کیساتھ چوہدری اورنگزیب گجر ملاقات کے موقع پر

ABC Certified

مظلوم کی آواز —— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک

DAILY "DAK" GUJRAT

www.dailydak.pk

روزنامہ ڈاک گجرات

چیف ایڈیٹر یونس ساقی

سوموار 5 جمادی الاول 1445ھ 20 نومبر 2023ء 7 مگھر 2080 ب (SR-53)

جلد نمبر 28 شمارہ نمبر 86 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

چوہدری سالک حسین کی انتھک جدوجہد

گجرات میں میگا منصوبوں کی تکمیل صدام حسین دراجی

چوہدری شجاعت حسین کے صاحبزادے چوہدری سالک حسین گجرات کے عوام کی صحیح معنوں میں خدمت کر رہے ہیں

گجرات (وقاص احسان) شادیوال کی ممتاز سیاسی وکاروباری شخصیت چوہدری صدام حسین دراجی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

چوہدری عبدالرؤف وڑائچ نت گاؤں دھول میں چوہدری یاسر نوید دھول کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چوہدری دریام گجر

چوہدری سالک حسین کو تاریخی ووٹوں سے کامیابی دلوائینگے

چوہدری سالک حسین کی مثبت سیاست سے گجرات کی سیاسی صورتحال یکسر تبدیل ہوتی نظر آرہی ہے

گجرات (وقاص احسان) گاؤں رحمانیہ کی ممتاز سیاسی وکاروباری شخصیت چوہدری دریام اکرم گجر نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ کے سینئر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2)

چوہدری محمد علی ساجد جٹھہ کے بھتیجے کی وفات پر چوہدری رضی مہر، چوہدری وقاص وڑائچ تعزیت کر رہے ہیں

راجہ وحید الرحمن کی رہائش گاہ پر اکٹھ ممتاز شخصیات کی ملک حنیف اعوان کی حمایت

مہمان خصوصی ملک جمیل اعوان تھے، باولی خورد کی ممتاز شخصیات راجہ وحید الرحمن، راجہ عبدالحمید، راجہ ضیاء الرحمن راجہ عابد، راجہ آفتاب، راجہ خلیل الرحمن ودیگر نے اعلان حمایت کیا، مہمان گرامی پیر سید شہزاد حسین، ظہیر گجر، مظہر گجر، توقیر گجر تھے

سرائے عالمگیر (اویس مدنی) راجہ وحید الرحمن کی رہائشگاہ پر باولی خورد کی سرکردہ شخصیات کا اکٹھ، ملک محمد حنیف اعوان کی حمایت کا اعلان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

سینئر صفدر وڑائچ کسوکی، چوہدری منور سید وڑائچ گاؤں دھول میں چوہدری یاسر نوید کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چوہدری عابد رضا راجہ اسلم کی حمایت راجہ گل زریں کی میزبانی میں جلسہ عام

راجہ امتیاز تاجی، راجہ محمد ادریس، راجہ محفوظ، راجہ نوید سلطان، راجہ شفقت نے بڑے جلسہ عام میں چوہدری عابد رضا کی حمایت کر دی

سید ذاکر حسین شاہ، چوہدری واجد اقبال ڈھیری نے چوہدری شبیر، راجہ اسلم خان کی زیر قیادت آنے والے عظیم الشان قافلے کا شاندار استقبال کیا

سرائے عالمگیر (اویس مدنی) راجہ گل زریں کی میزبانی میں چوہدری عابد رضا، راجہ محمد اسلم خان کی حمایت میں جلسہ عام، تحصیل کے مطابق بیوی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)

چوہدری علی وڑائچ کلاچور، گاؤں دھول میں چوہدری یاسر نوید کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اعوان ویلفیئر سوسائٹی

ملک ضلعی صدر امجد اعوان، ملک حاکم اعوان چیئرمین منتخب

تنظیم کے مرکزی صدر ملک عبدالرشید اعوان نے دونوں عہدیداران کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، ملک بشارت کی مبارکباد

سرائے عالمگیر (اویس مدنی) اعوان ویلفیئر سوسائٹی، ملک امجد اعوان ضلعی صدر، ملک حاکم اعوان چیئرمین منتخب، نوٹیفکیشن (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

چوہدری شافع حسین چوہدری سالک حسین کی

مکمل حمایت کا اعلان کرتے چوہدری جاوید کبوہ

شرافت کی سیاست کے علمبردار اپنے قائدین کو الیکشن میں بھاری اکثریت سے کامیاب کروائیں گے

گجرات (صہیب سرور سے) ممتاز سیاسی سماجی وکاروباری شخصیت راجہ پاکستان مسلم لیگ سٹی گجرات حاجی ظفر رحمانی کے قریبی ساتھی چوہدری جاوید کبوہ نے کہا ہے کہ ہم پاکستان مسلم لیگ کی سینئر قیادت چوہدری شافع (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

مسلم لیگ نون نے گجرات سے اسلحہ کلچر اور قبضہ مافیا کا کیا خاتمہ تو قیر طارق بٹ

عوام حاجی ناصر محمود اور چوہدری علیم اللہ وڑائچ کو بھاری اکثریت سے ووٹ دے کر کامیاب کرائیں، گلانوالہ میں اجتماع سے خطاب

گجرات (صہیب سرور سے) ممتاز سیاسی سماجی وکاروباری شخصیت جنرل سیکرٹری مسلم لیگ نون یوتھ ونگ سٹی گجرات توقیر طارق بٹ نے کہا ہے مسلم لیگ نون نے اپنے سابقہ دور میں گجرات سے اسلحہ کلچر اور قبضہ مافیا کا خاتمہ کیا اب (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

چوہدری شافع حسین چوہدری سالک حسین کی

خصوصی دلچسپی سے گجرات کے مسائل حل ہو رہے ہیں

حاجی شمریز اقبال مانڈہ

گجرات جلالپور جٹاں روڈ اور سروس موڑ فلائی اوور کی تعمیر کیلئے کثیر فنڈز منظور ہو چکے ہیں، جلد کام شروع ہو جائیگا

حلقہ پی پی 32 سے اپنا امیدوار لائینگے چوہدری شفقت کامران

مشاورت جاری ہے ہریالوالا سے جلد تمام برادریوں کا حمایت یافتہ مضبوط ترین امیدوار الیکشن کے میدان میں اتاریں گے

گجرات (صہیب سرور سے) ہریالوالہ کی ممتاز سیاسی سماجی و کاروباری شخصیت چوہدری کامران شفقت بابے شرف کا نے کہا ہے کہ آنے والے الیکشن میں پی پی 32 سے صوبائی اسمبلی کا اپنا مقامی امیدوار لانے کے لیے مشاورت کو حتمی شکل دی جا رہی ہے انشاء اللہ تعالیٰ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)

امیدوار صوبائی اسمبلی عبدالحمید بٹ گاؤں دھلیک میں اسلم پنچ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چوہدری عبداللہ یوسف، حاجی صفدر اور لطیف بٹ دھول، چوہدری یاسر نوید کی والدہ کے ختم قل میں شریک ہیں

گجرات (صہیب سرور سے) ممتاز سیاسی سماجی کاروباری شخصیت نائب صدر پاکستان مسلم لیگ پنجاب حاجی شمریز اقبال مانڈہ نے کہا ہے کہ چوہدری شجاعت حسین کے جانشین چوہدری شافع حسین اور چوہدری سالک حسین کی خصوصی دلچسپی سے اہل گجرات کے مسائل حل ہو (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

امیدوار صوبائی اسمبلی عبدالحمید بٹ، آصف بھسیانوالہ، ڈاکٹر علی اکبر شاہ، ریاض کھرانہ ملاقات کے موقع پر

اعوان ویلفیئر سوسائٹی پاکستان (رجسٹرڈ) 1952

مبارکباد

خراج تحسین

بہترین انتخاب

ملک امجد حسین اعوان (چبارے والے)

صدر اعوان ویلفیئر سوسائٹی ضلع گجرات

ملک حاکم علی اعوان

چیئرمین اعوان ویلفیئر سوسائٹی ضلع گجرات

منتخب ہونے پر تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں

بلاشبہ دونوں شخصیات اعوان برادری کے انمول ہیرے ہیں اور اعوان برادری کی فلاح و بہبود کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کرینگے۔

منجانب: سینئر نائب صدر مسلم لیگ حلقہ پی پی 27

ملک بشارت حسین اعوان

جوائنٹ سیکرٹری کسان ونگ پنجاب



امیدوار صوبائی اسمبلی عبدالحمید بٹ، شیخ عبدالرزاق قادری سے سسر کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

چوہدری ثناء اللہ لالہ چک، چوہدری یاسر دھول سے والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

چوہدری یاسر نوید دھول، چوہدری قیصر نوید دھول والدہ کے ختم قل کے موقع پر

تیسرا سالانہ عظیم الشان

عرس مبارک

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ

19 20 21 نومبر

قبلہ امیر المجاہدین

علامہ خادم حسین رضوی رحمۃ اللہ علیہ

لبیک یا رسول اللہ

چلو چلو لاہور چلو!

انتخابی نشان کرین

امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 27

چوہدری مناظر حسین کھمبی ایڈووکیٹ

تمام گاڑیوں کے جینوئن انجن آئل، فلٹر دستیاب ہیں

SW

سکائی ویل آئل، ٹائر اینڈ بیٹری شاپ

بیٹری کی تمام ورائٹی ہول سیل ریٹ پر دستیاب ہے

ٹائر الائے رم کا مرکز

دی نیم آف ٹرسٹ

پروپرائیٹر بقاء اللہ اعوان

053-3707340

0313-6203086

0308-6203086

مین گیٹ OPF کالونی نزد ائیر پورٹ چوک بھمبر روڈ گجرات

شہر کے وسعت میں اپنے کے پاس

زندگی کی تمام تر سہولتوں سے آراستہ

آپ کا اعتماد ہماری کامیابی کی ضمانت ہے

رہائشی پلاٹس برائے فروخت

5 مرلہ 6 مرلہ 7 مرلہ 8 مرلہ 10 مرلہ

عمران بلڈرز

0300-9620307

0300-6208817

لوکیشن نیو شادمان کالونی سٹی گجرات

چوہدری نادر اصغر گرمانی، چوہدری علی مدثر، چوہدری یاسر نوید دھول کی والدہ کے ختم قل میں ملاقات کر رہے ہیں

نوابزادہ اصغر علی کا دعوت ولیمہ میں آمد پر دلہا چوہدری شہریار استقبال کر رہے ہیں

چوہدری عبداللہ یوسف، چوہدری یاسر نوید دھول کیساتھ اظہار تعزیت کر رہے ہیں

نوابزادہ طاہر الملک، چوہدری وسیم بہادر شاہ پور شادی تقریب میں گپ شپ کر رہے ہیں


علامہ خادم رضوی کے مزار پر حافظ سعد حسین رضوی حاضری دے رہے ہیں

چوہدری فاروق افلاطن، چوہدری یاسر نوید دھول کی والدہ کے ختم قل میں شریک ہیں

نوابزادہ طاہر الملک کیساتھ چوہدری عامر مہدی بامنہ شادی تقریب میں مباحثہ خیالات کر رہے ہیں

چوہدری عبدالرؤف وڑائچ نت، چوہدری قیصر دھول کے ساتھ اظہار تعزیت کر رہے ہیں

مسلم لیگ ن ضلع گجرات کی سب سے بڑی جماعت انشاء اللہ کلین سویپ فتح ہوگی نوابزادہ طاہر الملک

تمام حلقوں سے مضبوط امیدوار سامنے لا رہے ہیں، مخالفین کا ہر محاذ پر مقابلہ پہلے سے بڑھ کر نتائج دیں گے

نوابزادہ طاہر الملک سے چوہدری عرفان آوانہ کی ہمشیرہ کی تقریب رخصتی میں عمائدین کی ملاقاتیں، انتخابی صورتحال پر مشاورت

گجرات (ارشد محمود سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع گجرات کے صدر نوابزادہ طاہر الملک نے چوہدری عرفان آوانہ کی ہمشیرہ کی شادی میں ان لیگی بلدیاتی نمائندوں، پارٹی عہدیداران دیگر سنگ دھڑے کے ساتھ ملاقاتیں کیں، ضلع گجرات سمیت پارٹی کی سیاسی صورتحال اور حلقہ پی پی 29 کے حوالے سے تبادلہ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 04)

علامہ خادم رضوی کا عرس حافظ سعد رضوی صاحبزادہ انس رضوی نے مزار پر چادر چڑھائی

حافظ مرزا شفیق آرزو قادری کی قیادت میں آج گجرات سے بڑا قافلہ 11 بجے دن ضلعی سکرٹریٹ سے روانہ ہوگا

علامہ خادم حسین رضوی کی زندگی کا ہر لمحہ عاشقان مصطفیٰ کیلئے مشعل راہ ہے، مرزا شفیق آرزو قادری

گجرات (مدثر اقبال سے) بانی وقائد تحریک لبیک پاکستان امیر الجاہدین علامہ حافظ خادم حسین رضوی کے تیسرے عرس پاک کی تین روزہ تقریبات کا قرآن خوانی، چادر پوشی اور دعا سے جامع مسجد رحمتہ اللعالمین مین ملتان روڈ سے آغاز کیا گیا امیر تحریک لبیک پاکستان حافظ سعد حسین رضوی، (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 06)

سیٹ ایڈجسٹمنٹ ہو چکی چوہدری سالک حسین، شافع حسین کی سیاسی نشست دیوار حاجی رشید سندھو

این اے 64 کے عمائدین، بڑی برادریاں جوق در جوق اعلان حمایت کر رہی ہیں، انشاء اللہ بھاری لیڈ کیساتھ کامیاب ہونگے

گجرات (صہیب سرور سے) سینئر راہنما پاکستان (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 05)

چوہدری سالک حسین کے کثیر فنڈز سے سروس موڑ فلائی اوور جلالپور جٹاں روڈ تعمیر کا آغاز خوش آئند، سیان

انشاء اللہ یوسی جسوکی سے چوہدری سالک حسین کو تاریخی ووٹوں سے کامیاب کرائیں گے، ترکھا تا کوٹ موجدین سڑک کی تعمیر کا وعدہ جلد پورا ہوگا

گجرات (وقاص احسان) واٹس چیئرمین (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 07)

حاجی رشید سندھو، ملک رشید ڈیلدار، ملک آفاق ڈیلدار، چوہدری ناصر سیان، علی اعجاز سندھو عشائیہ میں

نوابزادہ طاہر الملک، چوہدری کاشف، چوہدری افتخار، چوہدری اعمایوں گلیل، میجر مجید، شاہد گوگا، چوہدری عرفان آوانہ کی ہمشیرہ کی بارات کے استقبال کیلئے کھڑے ہیں

چوہدری عبدالرؤف وڑائچ، یاسر دھول کی والدہ کے ختم قل میں شریک

چوہدری ندیم پوڈنگر ان کے گھر فاتحہ خوانی، انجینئر عامر شہزاد، صمصام لورائے ہمراہ

گجرات (آصف علی بھٹی سے) پاکستان مسلم لیگ عمان کے راہنما ممتاز بزنس مین چوہدری عبدالرؤف وڑائچ آف نت نے مسلم لیگی (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 08)

چوہدری عبداللہ یوسف، میجر معین نواز، سینیٹر صفدر وڑائچ، مرزا شوکت بیگ کی یادیں تازہ کر رہے ہیں

حاجی رشید سندھو چوہدری ہارون رشید سندھو کا ملک رشید ڈیلدار کے اعزاز میں عشائیہ

انشاء چوہدری سالک حسین، چوہدری شافع حسین کی جیت کیلئے ڈیلدار برادران کیساتھ مل کر کردار ادا کریں گے

گجرات (صہیب سرور سے) پاکستان مسلم لیگ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 09)

چوہدری عبدالرؤف وڑائچ کا ملک رشید ڈیلدار کے اعزاز میں عشائیہ

انشاء چوہدری سالک حسین، چوہدری شافع حسین کی جیت کیلئے ڈیلدار برادران کیساتھ مل کر کردار ادا کریں گے

چوہدری عرفان آوانہ کی ہمشیرہ کی تقریب رخصتی، نوازادگان شریک

نوابزادہ گل، نوابزادہ طاہر الملک، نوابزادہ حیدر مہدی، میجر معین نواز، چوہدری تحقیق الزمان ڈوگہ، چوہدری علی وڑائچ، چوہدری کاشف موجود

نوابزادہ حیدر مہدی نوابزادہ اصغر علی چوہدری شہریار کی دعوت ولیمہ میں شریک

گجرات (وسیم اکرم سے) سوہائی پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ حیدر مہدی، نوابزادہ اصغر علی، نوابزادہ معظم علی خاں، نوابزادہ محبوب الٰہی سنی، (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 10)

چوہدری نصیر عباس سدھو، نوابزادہ حیدر مہدی، داؤد صادق بٹ، چوہدری شہریار کی دعوت ولیمہ میں

چوہدری محمد عالم قادری عرفان آوانہ کی ہمشیرہ کی تقریب رخصتی میں شریک

گجرات (ارشد محمود سے) ممتاز سیاسی راہنما چوہدری محمد عالم قادری، سابق جنرل کونسلر چوہدری غلام محی الدین قادری نے سیاسی راہنما چوہدری محمد عالم قادری، سابق چوہدری دلاور (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 19)

چوہدری سفیان گجر، عبدالرحمن گجر گندرہ، وریام گجر، مرزا شوکت بیگ کیلئے دعائے مغفرت کر رہے ہیں

عوامی تحریک کے راہنما چوہدری امجد اقبال سے انجینئر صفی اللہ، میاں انوار محی الدین کی ملاقات، اہم امور بارے مشاورت

سابق ناظم چوہدری اشرف مہر بھی موجود

گجرات (خبر نگار خصوصی) پاکستان عوامی تحریک (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 17)

سرگودھا روڈ ڈاکوؤں کا کان دھاوا لوٹ مار

ڈاکو پھول فروشوں کو مار پیٹ کر دو لاکھ نقدی، دو موبائل لے گئے

گجرات (ارشد علی) تھانہ شاہین کے علاقے میں سرگودھا روڈ نزد نور سحر میرج ہال کے قریب فلاور شاپ پر دو ڈاکوؤں نے دھاوا بول کر کن (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 14)

چوہدری علی ابرار جوڑا، چوہدری طاہر مانڈہ، متعلم نت، فیاض وڑائچ، چوہدری ظہور آرائی، وحید مرزا فاتحہ خوانی کے موقع پر

کوٹلی بھگوان میں میلہ دیکھنے آئے بڑیلہ کے رہائشی نوجوان کو گولی مار دی گئی

شدید زخمی، تھانہ ٹانڈہ میں مقدمہ درج

گجرات (ارشد علی) کوٹلی بھگوان میں میلہ دیکھنے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 12)

ڈنمارک امگریشن گجرات کے صحافیوں کو سرٹیفکیٹس

عبدالستار مرزا، راجہ ریاض راٹھ، ملک شفقت، رانا شہزاد، عبدالسلام مرزا شریک

اسلام آباد (نمائندہ ڈاک) آئی او ایم اور ایس ایس ڈی او کے زیر اہتمام اسلام آباد انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف مائیگریشن ڈنمارک کے ہیڈ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 11)

نوابزادہ طاہر الملک، چوہدری ولایت اللہ اویس ڈوگیاں شادی تقریب میں شریک ہیں

نوابزادہ طاہر الملک، چوہدری اکرم ساہل کیساتھ شادی تقریب میں ملاقات کر رہے ہیں

نوابزادہ غضنفر گل، نوابزادہ طاہر الملک نوابزادہ حیدر مہدی، چوہدری عرفان آوانہ کی ہمشیرہ کی تقریب رخصتی میں شریک

بارات کا استقبال، دلہا کو ہار پہنائے

گجرات (ارشد محمود سے) بیرسٹر نوابزادہ غضنفر (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 13)

ڈپٹی ڈی ای او ایجوکیشن چوہدری یاسین وڑائچ، چوہدری یاسر نوید دھول کی والدہ کے ختم قل میں شریک ہیں

چوہدری علی ابرار جوڑا نے چوہدری طاہر مانڈہ کے گھر فاتحہ خوانی کی

گجرات (بجل منیر سے) سٹی صدر پاکستان مسلم لیگ گجرات چوہدری علی ابرار جوڑا نے سابق میئر میونسپل کارپوریشن گجرات وسٹی جنرل (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 15)


چوہدری محمد عالم قادری، سید سجاد شاہ شادی تقریب میں ملاقات کر رہے ہیں

نوابزادہ طاہر الملک کیساتھ چوہدری غلام محی الدین قادری شادی تقریب میں ملاقات کر رہے ہیں

چوہدری علی وڑائچ کلاچور، چوہدری یاسر نوید دھول کیساتھ اظہار تعزیت کر رہے ہیں

نوابزادہ طاہر الملک کیساتھ چوہدری سنی گجر گھریو شادی تقریب میں ملاقات کر رہے ہیں

بھلوٹ شریف اشہاز پور سے ڈیڑھ درجن بکریاں چوری

گاؤں بنی پور سے 18 اصیل مرغ چوری، مقدمات درج پولیس مصروف تفتیش

گجرات (ارشد علی) جلال پور جٹاں کے گاؤں نبی پور کے رہائشی بلال کے آٹھ اصیل مرغ مالیت ساٹھ ہزار روپے نامعلوم چور چوری کر (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 20)

گاؤں دھن کے قریب راہزنی

ڈاکوؤں نے کیری ڈبہ سوار فیملی سے دو لاکھ کے زیورات اتروا لیے

24 ہزار روپے نقدی بھی چھین لی

گجرات (ارشد علی) گاؤں دھن کے قریب (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 18)

عبدالحمید بٹ، عباس مہر یار و کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

کھاریاں کے 15 سالہ لڑکے کے ساتھ دو اوباشوں کی جنگل میں لے جا کر بدفعلی

گجرات (خبر نگار خصوصی) محمدی کالونی کھاریاں کے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد IOM کے زیر اہتمام ٹریننگ ورکشاپ میں مس سیشدرا روئی صوبیہ، عبدالستار مرزا کو سرٹیفکیٹ دے رہی ہیں

شادیوال مجلس میں شریک کنجاہ کے رہائشی کی جیب سے قیمتی موبائل چوری کر لیا گیا

گجرات (خبر نگار خصوصی) شادیوال میں مجلس (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 22)

محلہ قطب آباد کے گرلز پرائمری سکول میں چوری پانی کی موٹر چرا لی گئی

گجرات (خبر نگار خصوصی) گورنمنٹ ایم سی (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد IOM کے زیر اہتمام ٹریننگ ورکشاپ میں مس سیشدرا روئی صوبیہ، ملک شفقت اعوان کو سرٹیفکیٹ دے رہی ہیں

نصر من اللہ و فتح قریب

کون ہے ان جیسا راہنما



الحمدللہ!! چوہدری شجاعت حسین کے جانشین، سابق وفاقی وزیر

امیدوار این اے 64

چوہدری سالک حسین کی جدوجہد اور کاوشیں ثمر آور

گجرات جلالپور جٹاں دورویہ کارپٹ روڈ

سروس موڑ فلائی اوور کے لیے کثیر فنڈز منظور

انشاء اللہ!! آج 20 نومبر سوموار تعمیراتی کام شروع

نیک خواہشات کے ساتھ

راہنما مسلم لیگ حاجی رشید سندھو

امیدوار چیئرمین U-C جسوکی

چوہدری ناصر سکندر سیان

امیدوار برائے وائس چیئرمین یوسی جسوکی

نصر من اللہ و فتح قریب

کون ہے ان جیسا راہنما

شکریہ!!

چوہدری سالک حسین کی کاوشیں رنگ لے آئیں

گجرات جلالپور جٹاں دورویہ کارپٹ روڈ

سروس موڑ فلائی اوور کے لیے کثیر فنڈز منظور

انشاء اللہ!!

آج 20 نومبر سوموار تعمیراتی کام کا آغاز

نیک خواہشات کے ساتھ

چوہدری صدام دراجی ایڈووکیٹ

ممتاز سیاسی و کاروباری شخصیت شادیوال